سوال

(88) طہر کے بعد مسلسل زرد مادہ خارج ہوتے رہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت جب پاک ہوتی ہے تو اس کا سفید مادہ نہیں نکلتا بلکہ زرد مادہ مسلسل نکلتا رہتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب عورت سفید مادہ نہ دیکھے جو کہ اس کے طہر کی علامت ہے تو زرد پانی ہی اس کے قائم مقام بن جائے گا کیونکہ سفید پانی ایک علامت ہے اور علامت ایک مخصوص چیز میں محصور نہیں ہوتی۔ کیونکہ مدلول کسی ایک دلیل میں مختصر نہیں ہوتا ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے کئی دلائل ہوں۔ اکثر عورتوں میں اگرچہ سفید پانی کا نکلنا ہی طہر کی علامت ہے لیکن کبھی اس کے علاوہ بھی علامت ہو سکتی ہے اور کبھی تو عورت نہ زردی پاتی ہے اور نہ سفیدی بلکہ ان کی بجائے آئندہ حیض آنے تک خشکی قائم رہتی ہے لہذا ہر عورت کا اپنے مقتضائے حال کے مطابق حکم ہوگا۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 127

محدث فتویٰ